F. 6-4 (Edit) /2018 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्
Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 27/04/2019

قومی اردو کونسل عالمی سطح پر اردو کا فروغ چاہتی ہے: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

ابوظہبی عالمی کتاب میلے میں قومی اردو کونسل کے زیر اہتمام مہجری شعرا کی محفل شعروسخن

ابوظہبی۔قومی اردو کونسل پوری دنیا کا سب سے بڑا اردو ادارہ ہے اور یہ ادارہ اردو کی ترویج واشاعت کے لیے وقف ہے۔حکومت ہند کی نوڈل ایجنسی کے طور پر کام کر رہے اس ادارے کا مرکز ومحور یوں تو ہندوستان ہے لیکن ہم کونسل کے دائرہ کار کو پوری دنیا تک پھیلانا چاہتے ہیں۔قومی اردو کونسل عالمی سطح پر اردو کا فروغ چاہتی ہے۔ہم چاہتے ہیں کہ جہاں جہاں اردو جاننے والے موجود ہوں وہاں کونسل کی سرگرمیاں اور پروگراموں کا انعقاد ہو۔مشاعروں نے اردو زبان وادب کی ترقی میں کلیدی رول ادا کیا ہے۔آج ہم نے ابوظہبی عالمی کتاب میلے میں بھی ایک اچھوتے مضوع پر ایک محفل شعرسخن کا انعقاد کیا ہے جس میں مہجری شعرا نے اپنے عمدہ کلام سے نوازا اور داد وتحسین وصول کی۔ یہ الفاظ تھے قومی اردو کونسل کے ہردلعزیز اور فعال ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد کے، جو ان دنوں ابوظہبی کے عالمی کتاب میلے میں قومی اردو کونسل کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کونسل کا تعارف بھی پیش کیا ساتھ ہی مختلف اسکیموں اور پروگراموں کی تفصیلات بھی بتائیں۔انھوں نے مزید کہا کہ اردو ہماری اور آپ سب کی زبان ہے۔ہم سب کو انفرادی طور پر بھی فروغ اردو کے لیے کوششیں کرنی ہوں گی۔ ہندوستان کی مرکزی حکومت بھی اردو کی ترقی کے لیے پابند عہد ہے اور ہمیں ہر ممکن تعاون دیتی رہی ہے۔ابھی حال ہی میں ہم نے عالمی اردو کانفرنس کا بھی انعقاد کیا تھا جس میں دنیا کے ایک درجن سے زائد ملکوں سے مندوبین تشریف لائے تھے اور یہ کانفرنس بے حد کامیاب ہوئی۔

کل شام منعقد کی گئی محفل شعروسخن کی صدارت متحدہ عرب امارات کے مشہور شاعر جناب زبیر فاروق نے کی جب کہ نظامت کے فرائض شاداب الفت نے انجام دیے۔اس مشاعرے میں جناب اعجاز شاہین، سرور نیپالی، جاوید صدیقی، احیا بھوج پوری، سروش آصف، ناصر نعیم، شہباز شمسی، نیہا شرما، مادھونور، ترنم احمد وغیرہ نے اپنے کلام پیش کیے۔اس محفل کا آغاز نیشنل بک ٹرسٹ آف انڈیا میں اردو ایڈیٹر ڈاکٹر شمس اقبال کے استقبالیہ خطبے سے ہوا۔قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے آخر میں اظہار تشکر بھی کیا۔اس محفل شعروسخن کے اہتمام میں بزم اردو دبئی اور بزم کے جنرل سکریٹری ریحان خاں نے کلیدی رول ادا کیا۔واضح ہو کہ 24 سے 30 اپریل تک منعقدہ اس عالمی کتاب میلے میں ہندوستان بطور گیسٹ آف آنر شرکت کر رہا ہے۔قومی اردو کونسل کے اسٹال پر بھی اردو کے چاہنے والے پہنچ رہے ہیں اور کتابیں بھی خرید رہے ہیں۔اس میلے میں کونسل کے ریسرچ آفیسر جناب شاہنواز خرم بھی شرکت کر رہے ہیں۔

(رابطہ عامہ سیل)